

سفارشات برائے کاشتکاران

16 تا 30 جون 2021ء

ملک محمد اکرم، ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب

- مکئی کی فصل کو پھول آنے اور دانے کی دودھیا حالت میں سوکا نہ آنے دیں لیکن واضح رہے کہ یہ فصل پانی کی زیادتی برداشت نہیں کرسکتی۔ لہٰذا بارش کے بعد فالتو پانی فوراً کھیت سے نکال دینا چاہیے۔
- گوارا کی نہری علاقوں میں کاشتہ فصل کو تین دفعہ آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے۔ پہلا پانی اگاؤ کے ایک سے ڈیڑھ ماہ بعد، دوسرا پانی پھول بننے پر اور تیسرا پانی پھلیاں بننے پر دینا چاہیئے۔ بارشوں کی صورت میں کم آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے لیکن زیادہ بارشوں کی صورت میں پانی کو کھیت سے فوراً نکال دیں تا کہ پودے نہ مرجھائیں۔
- کپاس کی بذریعہ ڈرل کاشتہ فصل کی پہلی آبپاشی بوائی کے 30 تا 35 دن بعد اور بقیہ 12 تا 15 دن کے وقفے سے کریں جبکہ پٹڑیوں پر کاشت کے لیے بوائی کے بعد پہلا پانی 3 تا 4 دن، دوسرا، تیسرا اور چوتھا پانی 6 تا 9 دن کے وقفے سے کریں اور بقیہ پانی 15 دن کے وقفہ سے لگائیں۔
- موسمی حالات کے مطابق سبزیات کو 8-10 دن بعد، آم کے باغات کو 12 دن بعد، ترشاوہ پھلوں کے باغات کو 8-10 دن بعد اور امرود کے باغات کو 10-12 دن بعد آبپاشی کریں۔
- ڈائریکٹ سیڈڈ رائس DSR کی کاشت کی صورت میں دھان کی فصل کو 5 تا 7 دن بعد پانی لگائیں۔ اگر کاشت خشک زمین میں کی گئی ہو تو فصل کی کاشت کے فوراً بعد پانی ضرور لگائیں۔

- باجرہ موسم گرما کا انتہائی اہم چارہ ہے۔ نہری علاقوں میں پہلا پانی کاشت کے تین ہفتوں بعد لگائیں۔ کم اُگاؤ کی صورت میں پانی پہلے لگانا زیادہ مفید ہوسکتا ہے۔ واضح رہے کہ باجرے کی فصل سیم زدہ حالات برداشت نہیں کرسکتی۔ لہٰذا برسات کے دنوں میں فصل میں زیادہ پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔

- ڈرپ اریگیشن سسٹم کی عمومی یا اصلاحی دیکھ بھال کرنے سے پہلے پانی کے ذرائع کی طبعی، کیمیائی اور دیگر خصوصیات کی جانچ پڑتال کرلیں تا کہ ایمیٹرز (Emitters) کے بند ہونے کے خطرات کا اندازہ لگایا جاسکے۔
- فصلوں کی آبپاشی ضرورت کے مطابق موسمی پیش گوئی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کریں۔ بارش کے دنوں میں نشیبی زمینوں میں فصلوں کی آبپاشی میں خصوصی احتیاط کریں۔
- فصلات کی آبپاشی سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے عملے سے رابطہ کریں۔ تمام تحصیلوں، اضلاع اور ڈویژنوں کے افسران کے رابطہ نمبر اصلاحِ آبپاشی کی ویب سائٹ www.ofwm.agripunjab.gov.pk پر موجود ہیں۔